4134 ـ یعقوب علیہ السلام کی آخری وصیت اور قرآن مجید میں صحف ابراہیم کے مقامات اور وہ شہر جس میں مسلمان کا تناسب سب سے زیادہ ہے اور وہ کیسے مسلمان ہوئے

سوال

1- يعقوب عليہ السلام كى موت سے پہلے اپنى اولاد كو آخرى وصيت كيا تھى ؟
2- ابراہيم عليہ السلام پر نازل كردہ صحف تو ضائع ہو چكے ليكن ان كا ذكر قرآن كريم ميں ايک سے زيادہ مقام پر ہے ؟ ان ميں سے دو مقام ذكر كر ديں ؟
3- وہ كونسا ايسا شہر ہے جس ميں مسلمانوں كى تعداد نسبتا زيادہ ہے ؟ اور اس شہر كے لوگ مسلمان كيسے ہوئے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

1- قرآن كريم ميں يہ موجود ہے كہ يعقوب عليہ السلا نے اپنى اولاد كو وصيت كرتے ہوئےفرمايا :

تم ميرے بعد كس كى عبادت كرو گے) تو انہوں نے جواب ميں كہا : (آپ كے معبود كى اور آپ كے آباء اجداد ابراہيم اور اسماعيل اور اسحاق عليہم السلام كے معبود كى جو معبود ايک ہى ہے اور ہم اسى كے فرمانبردار رہيں گے) البقرہ / 133

2- صحف ابراہيم كا ذكر سورۃ الاعلى آيت نمبر 9 (ابراہيم اور موسى كے صحيفے)

اور سورۃ النجم آيت نمبر 37 (كيا اسے اس چيز كى خبر دى گئي جو موسى (عليہ السلام) كے اور وفادار ابراہيم (عليہ السلام) كے صحيفوں ميں تھا)

3- افريقا ميں مسلمانوں كا سب سے بڑا شہر ناجيريا ہے ـ

اور ايشيا ميں انڈونيشيا ہے جيسے كہ معلوم ہے كہ حضرمى مسلمان تاجروں كے ميل جول سے انڈونيشيا ميں اسلام پھيلا اور وہ لوگ مسلمان ہوئے۔

شائد كہ سائل كا مطلب يہى تھا اگرچہ سوال دقيق نہيں ـ

والله اعلم .